The Absolute Reality

www.quran4u.com

Noble Quran — الْقُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) — (حضرت شاہ عبدِالقادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ الرّوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَٱلۡفَجۡرِ قسم ہے فجر کی،	.1
وَلَيَالٍ عَشۡرٍ اور دس راتوں کی،	.2
وَٱلشَّفۡعِ وَٱلۡوَتۡرِ اور جفت اور طاق کی۔	.3
وَٱلَّيۡلِ إِذَا يَسۡرِ اور اس رات کی، جب رات کوچ لے۔	.4
هَلۡ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِي حِجۡرٍ ہے ان چیزوں کی قسم پوری عقلمندوں کے واسطے۔	.5

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ تو نے نہ دیکھا کیسا کیا تیرے رب نے عاد سے؟	.6
إِرَمَ ذَاتِ ٱلْعِمَادِ وہ جو ارم تھے بڑے ستونوں والے!	.7
ٱلَّتِى لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِى ٱلْبِلَٰدِ جو بنی نہیں ویسی سارے شہروں میں،	.8
وَثَمُودَ ٱلَّذِينَ جَابُوا۟ ٱلصَّخْرَ بِٱلْوَادِ اور ثمود سے جنہوں نے تراشے پتھر وادی میں،	.9
وَفِرْعَوْنَ ذِى ٱلْأَوْتَادِ اور فرعون سے، وہ میخوں والا۔	.10
ٱلَّذِينَ طَغَوْا۟ فِى ٱلْبِلَٰدِ یہ سب جنہوں نے سر اٹھایا ملکوں میں،	.11
فَأَكْثَرُوا۟ فِيهَا ٱلْفَسَادَ پھر بہت ڈالی ان میں خرابی،	.12
فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ پھر پھینکا اُن پر تیرے رب نے کوڑا عذاب کا۔	.13

.14	إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ تیرا رب لگا ہے گھات میں۔
.15	فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ سو آدمی جو ہے جب جانچے اس کو رب اس کا، پھر اس کو عزت دے اور اس کو نعمت دے فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ تو کہے، میرے رب نے مجھے عزت دی
.16	وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ اور وہ جس وقت اس کو جانچے (آزمائے)، پھر کھینچ (تنگی) کرے اس پر روزی کی فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ تو کہے، میرے رب نے مجھے ذلیل کیا۔
.17	كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ کوئی (ہرگز) نہیں! تم عزت نہیں کرتے یتیم کو (کی)،
.18	وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ اور تاکید نہیں رکھتے آپس میں محتاج کے کھانے کی،
.19	وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا اور کھاتے ہو مردے (میراث) کا مال سمیٹ کر سارا،

وَتُحِبُّونَ ٱلْمَالَ حُبًّا جَمًّا اور پیار کرتے ہو مال کو جی بھر کر۔	.20
كَلَّآ إِذَا دُكَّتِ ٱلْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا کوئی (ہرگز) نہیں! جب پست کریں زمین کو کوٹ کوٹ کر،	.21
وَجَآءَ رَبُّكَ وَٱلْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا اور آئے تیرا رب، اور فرشتے آئیں قطار قطار۔	.22
وَجِاْىٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۚ اور لائیے اس دن دوزخ کو۔ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ ٱلْإِنسَـٰنُ وَأَنَّىٰ لَهُ ٱلذِّكْرَىٰ اس دن سوچے آدمی، اور کہاں ملے اس کو سوچنا؟	.23
يَقُولُ يَـٰلَيْتَنِى قَدَّمْتُ لِحَيَاتِى کہے، کسی طرح میں کچھ آگے بھیجتا اپنے جیتے۔	.24
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُۥٓ أَحَدٌ پھر اس دن مار (عذاب) نہ دے اس کی سی کوئی،	.25
وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُۥٓ أَحَدٌ اور باندھ نہ رکھے اس کا سا کوئی۔	.26

يَـٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفۡسُ ٱلۡمُطۡمَئِنَّةُ اے جی چین پکڑے (نفس مطمئنہ)!	.27
ٱرۡجِعِيٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً پھر (لوٹ) چل اپنے رب کی طرف، تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔	.28
فَٱدۡخُلِي فِي عِبَـٰدِي پھر مِل میرے بندوں میں،	.29
وَٱدۡخُلِي جَنَّتِي اور داخل ہو جا میری بہشت میں۔ *********	.30

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com